22/06/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شمیم احمد ٹھوکرسے خبریں سُنیے۔

NIA

نے دو افراد کو گرفتار کر لیا ہے جوNIA ایک اہم پیش رفت کے تحت قومی تحقیقاتی ایجنسی کے مطابق پہلگام حملے میں ملوث دہشت گردونکے معاون تھے-NIA

بٹکوٹ پہلگام کے پرویز احمد جوتھر اور ہل پارک پہلگام کے بشیر احمد جوتھر نے چھان بین کے دوران پہلگام حملے میں ملوث تین مسلح دہشت گردوں کی نشاندہی کرتےہوئے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ وہ تینوں پاکستانی باشندے تھے جن کا تعلق ممنوعہ لشکر طیبہ سے ہے ۔

نے کہا ہے کہ ان دونوں افراد نے تینوں ملی ٹینٹوں کو حملے سے پہلے ایک ڈھوک میں پناہ NIA دیکر کھانا پینا فراہم کیا تھا ۔ واضح رہے کہ اس حملے میں ایک کشمیری اور 25سیاح جان بحق نے پرویز احمد بشیر احمد کی گرفتاری غیر قانونی سرگرمیوں سے متعلق انہیں NIAہوئے تھے۔ 1967کے ایکٹ کی دفعہ19کے تحت عمل میں لائی اور معاملہ درج کرکے مزید چھان بیان جاری رکھی ہوئی ہے ۔

امریکہ

امریکہ نے ایران کے نیو کلیائی مقامات پر ہوائی حملے کئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی فوجیوں نے ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر کامیاب حملے کئے جس کے بعد حملہ آور جنگی جہاز ایرانی حدود سے صحیح سالم واپس بھی نکلے۔

اور اسفہان میں بمبوں کی بارش کی گئی۔ انہوننے Fordow,Natanz امریکی صدر نے کہا ہے کہ کہاکہ اب ایران کو جنگ ختم کرنے کیلئے اتفاق ظاہر کرنا چاہئے ۔ انہوننے کہا کہ اب امن بحال کرنے کا وقت آگیا ہے ۔

سرکاری براڈ کاسٹر نے IRIB ایران کے سرکاری میڈیا نے بھی اس حملونکی تصدیق کی ہے۔تاہم دعویٰ کیا ہے کہ حملوں سے پہلے ہی یورانیم مواد کے ذخیرہ کو پہلے ہی منتقل کیاگیا تھا ۔

بڈگام

بڈگام ضلع میں13جون کو ایک بجلی ریسوینگ اسٹیشن میں ایک ٹرانسفامر پھٹ جانے کے نتیجے اسپتال میں زخمونکی SMHS میں جو دو ملازم شدید زخمی ہوئے تھے وہ گذشتہ شب سرینگر کے تاب نہ لا کر چل بسے ہیں۔

ہمار ے بڈگام کے نمائندے شوکت شاہ نے خبر دی ہے کہ جان بحق ملازمین میں جموں کے رہنے اور خان پورہ بڈگا م کے ٹیکنیشن منظور احمد ڈار شامل ہیں-Hitesh Wali والے جونیئر انجینئر

واردات کے وقت یہ دونوں ملازمین اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے تھے۔

تعطیل

محکمہ اسکولی تعلیم نے بڑھتی ہوئی گرمی کے پیش نظر کشمیر وادی میں گرمائی تعطیلات کا اعلان کیا ہے ۔ ناظم تعلیم کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہاکہ ہائر اسکنڈری سطح تک کے سبھی سرکار ی اور پرائیوٹ اسکول کل یعنی 23جون سے 7جولائی تک گرمائی تعطیلات کیلئے بند رہیں گے ۔

...........G. N. Itoo........

گرمائی تعطیلات کا اطلاق جموں کے ونٹر زون میں بھی ہوگا۔

یوگ

دنیا بھر میں کل21جون کو یوگا کا بین الاقوامی دن نہایت ہی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔

بھارت کے ہر خطے اور ہر علاقے میں لوگوں نے بڑھ چڑھ کر یوگ آسن کرکے اس بین الاقوامی تقریب میں اپنی شرکت یقینی بنائی ہے ۔ بھارت میں ملکی سطح کی تقریب آندھرا پردیش کے وشاکھا پٹنم میں منعقد ہوئی جس کی قیادت وزیر اعظم نریندر مودی نے کی ۔

جموں کشمیر میں بھی یوگ کے بڑے بڑے پروگرام منعقد ہوئے ۔ کشمیر وادی میں صوبائی سطح سرینگر میں منعقد ہوئی۔ SKICCکی تقریب

داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمے نے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیورسٹی کیمپسزمیں چار سالہ انڈ ر پروگرامونکیلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔ PG گریجویٹ اور انٹیگریٹیڈ

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگرکو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔

....Prof:Aijaz Bashir....

سیاحت

سیاحتی سیکٹر کو جمونو کشمیر کے اقتصادی و ثقافتی منظر نامے میں ریڈ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ وادی میں سیاحتی سیکٹر بحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کےلئے اگر چہ سرکاری و غیر سرکاری سطح پر کاوشیں جا ری ہیں تاہم اس حوالے سے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔

کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر وائس پریذیڈنٹ عاشق حسین شنگلو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-(Aishaq Hussain)--Byte-

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاکہ پاکستان کے ساتھ سند ھ طاس معاہدہ کسی بھی صورت میں بحال نہیں کیا جائےگا ۔ ایک انگریزی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہاکہ سرکار دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی کے ساتھ قائم ہے ۔ امت شاہ نے کہاکہ بھارت سرمایہ کاری کیلئے ایک موزون ملک ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ